سوال

(618)اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقالہ ہوگیا   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اب مسماۃ ہندہ کا بھی انتقالہ ہوگیا۔ اور ہندہ لاولد ہے۔ ایک حقیقی خالہ اوردو حقیقی خالہ زاد بہنیں ہوتی ہیں۔ اور دو حقیقی پھوپھی کی اولاد جن میں ایک پھوپھی کی اولا میں ایک لڑکا ہے۔ دوسری پھوپھی کی اولادمیں سے دولڑکے ایک لڑکی ہے۔ اور جس قدر نقدی وزیورہندہ نے چھوڑا ہے وہ عمر سے خاوند کے مہر کا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حسب فتویٰ علم وراثت ہندہ کے مال کے پانچ حصے ہوں گے۔ ایک حصہ حقیقی خالہ کوملے گا۔ چار (دو۔ دو) ہر ایک پھوپھی کوملیں گے۔ خالہ زاد بہنیں محروم۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 570

محدث فتویٰ